**06.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ بھارت نے ہرارے میں چھٹے انڈر– 19ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ ورلڈ کپ میں انگلینڈ کو 100رن سے تاریخی کراری شکست دے کر خطاب جیت لیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، ڈیجیٹل اور فِن ٹیک ایکونظام میں خواتین کی وسیع ترشرکت پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے طلبا پر زور دیا ہے کہ وہ اونچے خواب دیکھیں، بے خوف رہیں اور معروف شخصیات کی سوانح حیات سے تحریک حاصل کریں۔

☆ Intermediate رینج بیلسٹک میزائل اگنی– 3 کی اڈیشہ میں چاندی پور سے کامیاب آزمائشی پرواز کی گئی۔

☆ انتخابی کمیشن نے اترپردیش میں، SIR کے تحت دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کیلئے آخری تاریخ میں توسیع کرکے ایک اور مہینے کا وقت بڑھا دیا ہے۔

☆ حکومت نے لوک سبھا میں مطلع کیا کہ بھارت نے تمام متعلقہ مواقع پر، بنگلہ دیش کے ساتھ اقلیتوں کے تحفظ اور سلامتی کا معاملہ اٹھایا ہے۔

☆ پاکستان میں اسلام آباد کے ایک شیعہ مذہبی مرکز میں ایک خودکش حملے میں 31افراد ہلاک اور 170زخمی ہوگئے ہیں۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Cricket**

بھارت نے زمبابوے کے شہر ہرارے میں انڈر– 19عالمی کپ 2026کے فائنل میں انگلینڈ کو 100رن سے شکست دے کر چھٹی مرتبہ U-19 کرکٹ عالمی کپ کا خطاب حاصل کرکے ریکارڈ قائم کیا ہے۔ بھارت کے ذریعہ مقررہ 412رن کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے کھیلتے ہوئے انگلینڈ 40اعشاریہ دو اوورس میں 311رن بنا کر آؤٹ ہوگیا۔ پہلے بلے بازی کا فیصلہ لیتے ہوئے بھارت نے مقررہ 50اوورس میں 9وکٹ کے نقصان پر 411رن بنائے تھے۔

14سالہ Vaibhav سوریہ ونشی نے بھارت کی فتح کیلئے بنیاد ڈالی، جنہوں نے 80 گیند میں شاندار 175 رن بنائے، جبکہ کپتان Ayush Mahatre نے 51 گیندوں پر 53رن بنائے۔

اس کے بعد بھارت کے گیند بازوں نے فتح کو یقینی بنایا، جس میں RS Ambrish نے تین وکٹ لئے، جبکہ دیپیش Devendran اور Kanishk چوہان نے دو–دو وکٹ حاصل کئے۔

آیوش مہاترے کی قیادت میں یہ بھارت کیلئے ایک تاریخی جیت ہے، کیونکہ یہ کسی U-19عالمی کپ کے فائنل میں رنوں کے اعتبار سے جیت کا سب سے بڑا اوسط ہے۔×

## President Odisha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج گہری مالیاتی شمولیت، ٹیکنالوجی کا ذمہ دارانہ استعمال اور خواتین کی بڑے پیمانے پر شراکت داری کیلئے کہا ہے، کیونکہ بھارت کا ڈیجیٹل اور فِن ٹیک ایکو نظام مسلسل توسیع پارہا ہے۔

آج بھونیشور میں BLack Swan Summit سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کا فن ٹیک سفر نہ صرف اختراع کیلئے یاد کیا جائے گا، بلکہ شمولیت اور صنفی انصاف کیلئے بھی یاد کیا جائے گا۔

**Byte: Prez  Daropadi Murmu**

انہوں نے مزید کہا کہ لاکھوں بھارتیوں کیلئے فن ٹیک ایک لائف لائن بن گئی ہے، جس کے تحت فائدوں کی براہ راست منتقلی، کسانوں کو بروقت رقم کی ادائیگی اور چھوٹے کاروباریوں کیلئے بلارکاوٹ ڈیجیٹل Transaction ممکن ہوسکی ہے۔

ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کے اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اب تک 57 کروڑ جن دھن کھاتے کھولے گئے ہیں، جن میں 56فیصد خواتین شامل ہیں، جسے انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ خواتین کو صرف ایک صارف کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہئے، بلکہ فِن ٹیک ایکو نظام میں اُنہیں ایک قائد اور کاروباری کے طور پر دیکھا جانا چاہئے۔×

## PM Pariksha Pe Charcha

وزیراعظم نریندر مودی نے طلباء سے اونچے خواب دیکھنے، بے خوف رہنے اور ملک کی عظیم شخصیات کی زندگیوں سے تحریک حاصل کرنے کیلئے کہا ہے۔ 'پریکشا پے چرچا' پروگرام کے نویں ایڈیشن کے دوران طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ خواب نہ دیکھنا ایک بہت بڑی غلطی ہے۔

آج جاری کئے گئے ایک ویڈیو میں وزیراعظم طلباء سے امتحانات کے دوران ذہنی دباؤ پر کس طرح قابو پانا چاہئے، کے موضوع پر بات چیت کررہے ہیں۔

**S/B 2100-PM on Exam**

بات چیت کے دوران، جناب مودی نے طلباء کو مشورہ دیا کہ وہ پڑھنے سے متعلق اپنے خاص اور منفرد طریقے پر بھروسہ کریں۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ کبھی بھی دو لوگ نہ تو ایک طرح سے سوچ سکتے ہیں اور نہ ہی ایک ہی انداز میں آگے بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر طالب علم کا پڑھنے کا ایک منفرد طریقہ ہوتا ہے اور یہ بہت ضروری ہے کہ اسے اپنے اُس طریقے پر پورا اعتماد ہو۔

**S/B 2100-PM Modi PPC Paper Pattern**

وزیراعظم نے اساتذہ کو بھی مشورہ دیا کہ انہیں ہر طالب علم کی سیکھنے کی رفتار کے تئیں بہت حساس رہنا چاہیئے۔×

## Defence Agni-3

**Intermediate** رینج بیلسٹک میزائل اگنی– **3** کی اڈیشہ میں چاندی پور سے کامیاب آزمائشی پرواز کی گئی۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اِس پرواز نے تمام آپریشن جاتی اور تکنیکی پیرا میٹرس کی توثیق کی ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ پرواز جامع فورسز کمان کے زیر سرپرستی کی گئی۔**x**

## Rev ECI SIR

اترپردیش میں، انتخابی کمیشن نے ریاست میں جاری خصوصی نظرثانی مہم کے تحت دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ ووٹر اب فارنمبر **6**، **7**اور **8**، چھ مارچ **2026** تک اپنے نام کے ساتھ جمع کراسکتے ہیں اور انتخابی فہرست میں کسی بھی خامی کو درست کراسکتے ہیں۔ اس سے پہلے یہ تاریخ **6**فروری تھی۔

اترپردیش کے چیف الیکٹورل افسر **Navdeep Rinwa** نے میڈیا کو بتایا کہ سیاسی پارٹیوں نے **27**جنوری کو ہوئی ایک میٹنگ میں تاریخ میں توسیع کرنے کا مطالبہ کیا تھا، جس کے بعد دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کی گئی ہے۔ انتخابی کمیشن **27**مارچ تک تمام دعوے اور اعتراضات نمٹادے گی، جس کے بعد حتمی ووٹر فہرست **10**اپریل کو شائع کی جائے گی۔

**S/B EC-SIR**

## Rev Amit Shah Jammu Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے، جموں وکشمیر کے اپنے دو روزہ دورے کا آغاز کرتے ہوئے آج کٹھوعہ ضلع میں بین الاقوامی سرحد کے ساتھ ہیرا نگر سیکٹر میں سرحدی علاقوں کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ نے سرحدی حفاظتی فورس کے عملے کیلئے بہبود کی اسکیموں کا آغاز کیا اور ہیرانگر سیکٹر میں گُرنام اور بوبیاں کی سرحدی چوکیوں کا دورہ کیا۔ وزیر موصوف نے اُس بندوبست کا معائنہ کیا جو **BSF** نے دراندازی کو روکنے کیلئے کئے ہیں۔ جناب شاہ نے لوک بھون جموں میں ایک اعلیٰ سطحی سلامتی جائزہ میٹنگ کی صدارت بھی کی جس میں سرحد اور اندرونی سلامتی کا جامع جائزہ لینے پر توجہ مرکوز رہی۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

## VC Gulshan Raina

وزیر داخلہ جناب امت شاہ کا دورہ ایسے وقت میں ہورہا ہے، جب دہشت گردوں کی دراندازی، ہتھیاروں اور منشیات کی اسمگلنگ کی سرگرمیوں کو پسپا کرنے کیلئے سرحدی انتظامات پر مزید توجہ مرکوز کی جارہی ہے اور پچھلے دو ہفتے کے دوران کٹھوعہ، اودھم پور اور کشتواڑ ضلعوں میں 10 سے زیادہ جھڑپوں میں جیش محمد سے وابستہ پاکستان کے 4 کٹر دہشت گرد مارے گئے ہیں۔

جناب شاہ نے سرحد پر تعینات BSF کے اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی۔ انھوں نے بوبیاں سرحدی چوکی سے BSF اہلکاروں کیلئے 6 بہبودی اسکیموں کا ای–وسیلے سے افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا اور بین الاقوامی سرحد پر BSF کے افسران اور جوانوں کے ساتھ بات چیت کی اور ان سے صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

بعد میں، دوپہر میں وزیر داخلہ نے لوک بھون جموں میں شہیدوں کے کنبوں سے ملاقات کی اور تقرر نامے تقسیم کئے۔ جناب شاہ نے لوک بھون جموں میں سکیورٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی، جس میں لیفٹیننٹ منوج سنہا، اُمور داخلہ کی وزارت کے سرکردہ افسران، فوجی سربراہ اور پولیس، BSF، خفیہ ایجنسیوں اور CRPF کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ میں سرحد اور داخلی سکیورٹی کے جامع جائزے پر توجہ مرکوز کی گئی اور سکیورٹی بندوبست کو مزید مستحکم کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ وزیر داخلہ جموں وکشمیر کے واقعات کا جائزہ لینے کیلئے کل صبح ایک اور اعلیٰ سطحی میٹنگ کریں گے۔ جناب شاہ جموں وکشمیر کے دو روزہ دورے پر ہیں، وہ کل دیر رات جموں پہنچے، جہاں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہوائی اڈے پر اُن کا استقبال کیا۔ جناب شاہ کل دوپہر نئی دلّی واپس آ جائیں گے۔

آکاشوانی جموں سے این گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ بیگم

## Uttarakhand Defence Minister

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک کو اُس وقت تک پورے طور سے محفوظ نہیں سمجھا جاسکتا جب تک کہ اُس کی ثقافتی بنیاد، اقدار اور شناخت محفوظ نہیں ہیں۔ وزیر دفاع آج اتراکھنڈ کے شہر ہری دوار میں پران پرتشٹھا اور سوامی Satyamitranand گری جی مہاراج کی مورتی کی اِستھاپنا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ قومی سلامتی کا مطلب صرف جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کرنا نہیں ہے بلکہ ثقافتی شناخت اور تہذیبی شعور کی حفاظت کرنا بھی اِتنا ہی ضروری ہے۔ نوجوانوں کے رول پر زور دیتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ کسی بھی ملک کا مستقبل اُسی وقت محفوظ رہتا ہے جب اُس ملک کی نوجوان نسل اپنے ماضی سے واقف ہوتی ہے، اپنی اہم اقدار کو تسلیم کرتی ہے اور اُن سے تحریک لیتے ہوئے آگے بڑھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جب اخلاقی اقدار تکنیکی معلومات کے ساتھ یکجا ہوجاتی ہیں، تو کوئی بھی ملک کو کمزور نہیں کرسکتا۔x

## Par Adjourned

لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کے احتجاج کے بعد، دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ جب

ایوان کی کارروائی پہلی مرتبہ ملتوی کئے جانے کے بعد، 12 بجے دوبارہ شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ممبر حکومت کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے دوبارہ پارلیمنٹ کے وسط میں پہنچ گئے جس میں کانگریس، TMC اور DMK کے ارکان شامل تھے۔دوسری جانب راجیہ سبھا میں کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کرنے سے پہلے، معمول کی کارروائی جاری رہی۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Anupam**

آج لوک سبھا میں بار بار شور شرابے کے مناظر دیکھے گئے، جس کے نتیجے میں کارروائی کو کئی مرتبہ ملتوی کرنا پڑا۔ صبح 11 بجے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، تو لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ممبروں سے نظم وضبط برقرار رکھنے اور ایوان کی کارروائی کو جاری رہنے دینے کی اپیل کی۔ اسپیکر موصوف نے کہا کہ اب تک ایوان کے 19 گھنٹے اور 13 منٹ برباد ہوئے ہیں۔ البتہ مسلسل شور شرابے کے بیچ ایوان چند منٹ میں ہی دوپہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردیا گیا، جب دوپہر 12 بجے ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو، اُس وقت بھی وہی ہنگامہ آرائی جاری رہی۔ پریزائڈنگ افسر کرشنا پرساد Tenneti نے اپوزیشن کے اراکین سے بار بار اپیل کی کہ وہ پلے کارڈ دکھانا روک دیں اور ایوان میں نظم وضبط قائم رکھیں۔

رخنہ اندازی جاری رہنے کے تناظر میں ایوان کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ اس دوران راجیہ سبھا کی کارروائی بلارکاوٹ جاری رہی۔ وقفہ سوال اور وقفہ صفر بھی خوش اسلوبی سے جاری رہا۔ لنچ کے وقفے کے بعد جب ایوان بالا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی، جس میں پرائیویٹ ممبرز لیجسلیٹو بزنس کے موضوع پر بحث کی گئی۔

دلّی، آکاشوانی نیوز سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

اب دونوں ایوانوں کی کارروائی پیر کو صبح گیارہ بجے دوبارہ شروع ہوگی۔x

**LS India Bangladesh**

حکومت نے کہا ہے کہ اُس نے بنگلہ دیش کے حکام کے ساتھ، اعلیٰ سطح سمیت، تمام متعلقہ مواقع پر اقلیتوں کے تحفظ اور سلامتی کے معاملات کو مسلسل اٹھایا ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کہا کہ بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر محمد یونس کے ساتھ پچھلے سال اپریل میں اپنی میٹنگ کے دوران، وزیر اعظم نریندر مودی نے، اور گذشتہ سال فروری میں بیرونی امور کے مشیر توحید حسین کے ساتھ اپنی میٹنگ کے دوران، امور خارجہ کے وزیر ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے یہ معاملہ اٹھایا تھا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت، بنگلہ دیش میں اقلیتوں کے تحفظ سے متعلق رپورٹوں پر مستقل نظر رکھ رہی ہے۔

جناب سنگھ نے کہا کہ یہ بنگلہ دیش کی سرکار کی بنیادی ذمے داری ہے کہ وہ مذہبی اور نسلی اقلیتوں سمیت بنگلہ دیش کے تمام شہریوں کی زندگی، آزادی اور بہبود کو تحفظ فراہم کرے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ ایک جمہوری، پائیدار، پُرامن، ترقی پذیر اور شمولیاتی بنگلہ دیش کیلئے بھارت کی حمایت کا اعادہ، تمام متعلقہ بات چیت میں بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے ساتھ کیا جاتا رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت، بھارت کے قومی مفادات پر اثر انداز ہونے والے حالات کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے اور اُن کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔x

**RS Kartikeya**

آج راجیہ سبھا میں پرائیویٹ ممبرس Legislative بزنس پر بحث ہوئی جس میں بہت سے اراکین نے مختلف بل پیش کئے۔ ایس ایس (UBT) کے رکن پارلیمنٹ نے فضائی مسافروں کے حقوق کا بل پیش کیا جبکہ CPIM کے AA رحیم نے تعلیمی مشاورتی ضابطہ بل پیش کیا۔ BJP کے سنجے سیٹھ نے چھوٹے دعوؤں کی عدالت کا بل پیش کیا۔ آزاد رکن پارلیمنٹ Kartikeya شرما نے آج ایک بل پیش کیا جس کا نام ہے ''اہم بنیادی ڈھانچہ (لچک، تحفظ اور احتساب) کا بل 2026''۔ اس کا مقصد جامع اہمیت کے حساس بنیادی ڈھانچے کی شناخت کرنا، تعین کرنا اور تحفظ فراہم کرنا، تکنیکی طور پر مربوط کرکے اس کی لچک کیلئے ایک لائحہ عمل قائم کرنا اور اہم بنیادی ڈھانچوں میں خامیوں کے باعث ناکامی یا زندگیوں کے نقصان کیلئے ذمے دار پارٹیوں پر سخت ذمے داری اور احتساب عائد کرنا ہے۔x

**IMD Weather**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آئندہ دو دنوں کے دوران صبح کے وقت اور رات کے پہر گہری دُھند چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے کُل ملک کے مشرقی حصے میں کم سے کم درجۂ حرات میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آئندہ دو سے تین دن کے دوران شمالی مغربی خطے میں تیز سطحی ہوا چلنے کا بھی امکان ہے۔x

**Pak Explosion**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آئندہ دو دنوں کے دوران صبح کے وقت اور رات کے پہر گہری دُھند چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے کُل ملک کے مشرقی حصے میں کم سے کم درجۂ حرات میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آئندہ دو سے تین دن کے دوران شمالی مغربی خطے میں تیز سطحی ہوا چلنے کا بھی امکان ہے۔x

**PM Kuala Lumpur**

وزیر اعظم نریندر مودی کَل سے کوالالمپور کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ دونوں ملک اپنی جامع مکمل شراکت داری کو مضبوط گہرا کرنے سمیت تعلقات کے تمام شعبوں کا جائزہ لیں گے۔ ملیشیا میں بھارت کے ہائی کمشنر بی این ریڈی نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تبادلہ خیال میں، تجارت اور معیشت، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں، توانائی اور تعلیم سمیت کلیدی شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆